Code 806

Class VIII Urdu Second Language

نمونے کا پرچہ سوالات

آٹھویں جماعت کے لیے

کل نمبر 80 وقت ۳ گھنٹے

نوٹ - خوش خط لکھائی کے 5 نمبر ہیں۔

1 دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 10x1=10

1 "ہمارا وطن دل سے پیارا وطن" نظم کے شاعر کون ہیں؟

A برکت علی فراق B پنڈت برج نارائن چکبست C سکندر علی وجد D ڈاکٹر اقبال

2 سا نظمی کا انتقال کب ہوا؟

A سنہ 2003ء میں B سنہ 2005ء میں C سنہ 2008ء میں D سنہ 2010ء میں

3 جگنو کس موسم میں دکھائی دیتے ہیں؟

A گرمی میں B سردی میں C برسات میں D بہار میں

4 چڑیا کو رات بھر نیند کیوں نہیں آئی؟

A بھوک کی وجہ سے B شور کی وجہ سے C بارش کی وجہ سے D بیماری کی وجہ سے

5 "کھری کھری باتیں" کا کیا مطلب ہے؟

A بڑی بڑی باتیں B صاف صاف باتیں C چھوٹی چھوٹی باتیں D کڑوی باتیں

6 "قول مگر ...... ہے یہ بھی" مصرعہ پورا کرو۔

A جھوٹا B بڑا C سچا D چھوٹا

7 سید مشتاق علی کون سا کھیل کھیلتے تھے؟

A ہاکی B کرکٹ C بیڈمنٹن D والی بال

8 گینڈے کی خوراک کیا ہے؟

A مینڈک B چوہے C گھاس D مچھلی

9 انگریز ہندوستان کیا کرنے آئے تھے؟

A گھومنے B کھیلنے C تجارت کرنے D کوئی نہیں

10 ابن سینا کی مشہور کتاب کا نام کیا ہے؟

A القانون B الاسلام C الجبرا D السحبات

2 دیئے گئے سوالات میں سے پانچ کے مختصر جواب تحریر کریں۔ 5x2=10

1 ناصر الدین کیسا آدمی تھا؟

2 نظم "صبر کا پھل" میں کن پھلوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

3 مرچ کو فتنی کیوں کہا گیا ہے؟

4 گینڈے اپنا گھونسلہ کہاں بناتی ہے؟

Code 806

5 بہادر شاہ ظفر نے فوج کی کمان کس جنرل کو سونپی ؟

6 گھر کی چھت ہمارے لیے کیوں ضروری ہے ؟

7 صبح کی چہل قدمی سے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟

$4 \times 2 = 8$

کوئی چار اشعار کا مطلب لکھو ہر شعر کے دو نمبر ہیں ۔

برسات کی رات تھی اندھیری
کچھ نیند اچٹ گئی تھی میری
بادل جو گرج کے کھل گیا تھا
گلشن کا غبار دھل گیا تھا
بیدار تھی باغ میں اکیلی
پھولوں سے لدی ہوئی چمیلی
اتنے میں جو رو چلی ہوا کی
قسمت ہی چمک گئی قضا کی

اے ماؤ! بہنو! بیٹیو! دنیا کی زینت تم سے ہے
ملکوں کی بستی ہو تمہیں، قوموں کی عزت تم سے ہے
تم گھر کی ہو شہزادیاں، شہروں کی ہو آبادیاں
غمگین دلوں کی شادیاں، دکھ سکھ میں راحت تم سے ہے

$5 \times 2 = 10$ (کوئی پانچ)

4 نیچے دیے گئے لفظوں اور محاوروں کو جملوں میں استعمال کرو۔

انتظار - وعدہ - انعام - قدم اکھڑنا - فیصلہ - بھاری پڑنا - آرام -

5

5 کسی پانچ کے متضاد لکھو ۔ کوئی پانچ

عزت - آزادی - کامیاب - خراب - جواب - دن

5

6 دیے گئے الفاظ سے مناسب لفظ چن کر خالی جگہ پر کرو

پیسہ - کام - سوچ - جلنا - چھالے

1 میرا گلا اور آنکھیں ____ جاتی ہیں ۔

2 انھیں دوسروں کا ____ بھی کرنا پڑتا ۔

3 ہمارے پاس اتنے ____ نہیں ہیں ۔

4 میرے پاؤں کے ____ سوکھ رہے ہیں ۔

5 میں اب ____ جاتی ہوں ۔

4

7 اپنی نصابی کتاب سے کوئی شعر لکھو جو پرچہ سوالات میں موجود نہ ہوں ۔

Code 806

8 اسم، فعل اور حروف میں سے کسی ایک کی تعریف اور مثالیں لکھو۔ 3+2=5

9 فیس معافی یا بڑے بھائی کی شادی میں شامل ہونے کے لئے پرنسپل/ہیڈماسٹر کے نام درخواست لکھو۔ 8

10 دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 150 الفاظ کا مضمون لکھو۔ 10
دیوالی - میرا پسندیدہ استاد - کھیل کود کے فائدے -